سوال

(24)کس طرح تہہ بند دیا جائے لفافہ کے اوپر یا نیچے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عورت کے لیے تہہ بند، چادر، لفافہ، کرتہ وغیرہ پانچ کپڑوں میں کفن دیا جاتا ہے، اس صورت میں کس طرح تہہ بند دیا جائے لفافہ کے اوپر یا نیچے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عورت کے پانچ کپڑے یہ ہیں۔ تین چادریں، ایک سینہ بند، ایک سر کے بالوں کے باندھنے کا، ان میں تہہ بند کوئی نہیں۔ اللہ اعلم۔ (فتاویٰ ثنائیہ جلد اول ص ۵۴۱)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 05 ص 52

محدث فتویٰ